نیوز ریلیز

معاشرتی علوم کے نصاب کا نیا مسّودہ پائلٹ کیلئے تیار ہے

26 اپریل، 2024ء میڈیا انکوائریز

ایلیمینٹری طلباء اور اساتذہ 2024ء کے موسمِ خزاں میں کلاس رومز میں K-6 کے اَپ ڈیٹ شدہ معاشرتی علوم کے نصاب کے مسّودے اور نئے وسائل سے مستفید ہوں گے۔

البرٹا کی حکومت تعلیمی نظام کو جدید بنانے اور ایک ایسا نصاب تیار کرکے طلباء کی کامیابی کو بہتر بنانا جاری رکھے ہوئے ہے جو سیکھنے کا جذبہ پیدا کرے گا۔ اگست 2023ء سے، البرٹا کی حکومت والدین، اساتذہ، تعلیمی شراکت داروں اور نصاب کے ماہرین کے ساتھ ایک نیا مسّودہ K-6 معاشرتی علوم کا نصاب، کو تیار کرنے کیلئے مصروف ہے جو تنقیدی سوچ کی مہارتوں کی تعمیر پر توجہ دے گا اور طلباء کو مشغول شہری بننے کیلئے بااختیار بنائے گا۔

"مجھے اس کام پر ناقابل یقین حد تک فخر ہے جو اس نئے K-6 معاشرتی علوم کے نصاب کو تیار کرنے میں کیا گیا ہے، اور مَیں یہ دیکھنے میں بہت پُرجوش ہوں کہ اس موسم خزاں میں یہ پائلٹنگ کے ذریعے کلاس روموں میں کیسے منتقل ہوتا ہے۔ مَیں اسکول کے رہنماؤں اور اساتذہ کے ساتھ مزید تعاون کا منتظر ہوں کیونکہ ہم ایک ایسا جامع نصاب تشکیل دینے کیلئے اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں جو طلباء کی تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنے اور فیصلہ کرنے کی صلاحیتوں کی تعمیر کرتا ہے، اور انہیں فعال شہری بننے کا اختیار دیتا ہے۔"

ڈیمیٹریوس نکولیڈز (Demetrios Nicolaides)، وزیرِ تعلیم

مواد میں تبدیلیاں

گذشتہ آٹھ ماہ میں البرٹنز اور تعلیمی شراکت داروں کے ساتھ وسیع مشغولیت کی آراء، اور دوسرے دائرہ اختیار سے تحقیق اور بہترین طریقوں کی بنیاد پر، البرٹا ایجوکیشن نے K-6 معاشرتی علوم کے نصاب کا ایک تازہ ترین مسّودہ جاری کیا ہے تاکہ ستمبر کے شروع سے، اسکولوں کے حکام اور اساتذہ کو اختیاری کلاس روم پائلٹنگ کی تیاری میں مدد مل سکے۔ ڈرافٹ شدہ نصاب کے مواد کو مندرجہ ذیل میں ایڈجسٹ کیا گیا تھا:

- ایسے مواقع کو مضبوط کریں جو تنقیدی سوچ کی مہارتوں کی نشوونما کی حوصلہ افزائی کریں، بشمول پورے نصاب میں تحقیقی اور تجزیاتی مہارتیں؛
- فعال شہریت کے تصور سے متعلقہ مہارتوں کی ترقی کو بڑھانا؛
- ترقیاتی موزونیت اور لوڈ کے بارے میں رائے پر توجہ دیں؛
- طلباء کو سیکھنے میں مشغول کریں جو کینیڈا بھر اور پوری دنیا میں تنوع کی سمجھ بوجھ کو فروغ دیتا ہے، بشمول فرسٹ نیشنز، میٹیس، انوئٹ اور فرانکوفون کی ہسٹریز، شراکت اور نقطہ ہائے نظر؛ اور

- سیکھنے کی پیشرفتوں کے ذریعے سیکھنے والوں کی ترقی کی عکاسی کرتا ہے جو انفرادی تجربات سے کمیونٹیوں اوران سے آگے تک پھیلتا ہے۔

کلاس روم پائلٹنگ

البرٹا کی حکومت اس بات میں لچک فراہم کر رہی ہے کہ اسکول کے حکام اختیاری کلاس روم پائلٹنگ میں کیسے حصہ لیں گے، بشمول کون سے گریڈز پائلٹ کا حصہ ہوں گے اور کتنے سیکھنے کے نتائج کی رائے حاصل کریں گے۔ پائلٹنگ کے پورے عمل کے دوران، اساتذہ کو وہ معلومات اور ٹول فراہم کئے جائیں گے جن کی انہیں اپنے کلاس روموں میں نصاب کے مسّودے کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت ہوگی، بشمول:

- منصوبہ بندی اور ہدایات کی تیاری میں مدد کیلئے اساتذہ کے ریلیز ڈیز؛
- سیکھنے اور سکھانے کے وسائل؛
- سیکھنے کے پیشہ ورانہ مواقع؛ اور
- نصاب کے مسّودے پر البرٹا ایجوکیشن کو رائے فراہم کرنے کے مواقع، بمع کلاس روموں میں اس کا تجربہ کیسا رہتا ہے۔

اساتذہ جامع سیکھنے اور تدریسی وسائل اور پیشہ ورانہ سیکھنے کی معاونتوں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں جو نصاب کے مسّودے کے ساتھ ہم آہنگ ہیں، بشمول موضوع سے متعلقہ جائزے، فوری حوالہ جات کی ویڈیوز، آن لائن تصویری مثالیں اور حقائق کی شِیٹیں۔

البرٹا ایجوکیشن نافذالعمل کرنے سے پہلے نئے K-6 معاشرتی علوم کے نصاب کو حتمی صورت دینے سے پہلے کلاس روم پائلٹنگ سے تمام آراء پر غور کرے گی۔ 2024ء-25ء تعلیمی سال کے دوران کلاس روم پائلٹنگ میں حصہ لینے کیلئے، اسکول کے حکام سے کہا جائے گا کہ وہ 15مئی تک اس میں اپنی دلچسپی کا اظہار کریں۔

فوری حقائق

- بجٹ 2024ء اسکول کے تعلیمی سال 2024ء-25ء میں نصاب کی پائلٹنگ اور اس کے نفاذ میں مدد کیلئے 34 ملین ڈالر فراہم کرتا ہے۔
- نصابی مشغولیت کے طریق عمل کے ایک حصے کے طور پر، البرٹا ایجوکیشن نے طلباء کی تعلیم اور *کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 کے نصاب کے ڈیزائن اور ڈیویلپمینٹ کیلئے رہنمائی کا فریم ورک* پر وزارتی حکم کو اَپ ڈیٹ کرنے کیلئے بھی رائے اکٹھی کی۔
    - نیا وزارتی حکم کیریئر کی تعلیم، علم اور مہارتوں کی نشوونما، تعلیمی پروگرامنگ اور طلباء کو فعال اور مشغول شہری بننے کیلئے تیار کرنے پر توجہ دیتا ہے۔
    - نیا *رہنمائی کا فریم ورک* جامع زبان اور متنوع آوازوں کی نمائندگی پر توجہ دیتا ہے، نئے نصاب کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کیلئے مواد کو شامل کرتا ہے اور تدریسات کے حوالہ جات کو ختم کرتا ہے۔

متعلقہ معلومات

- مسّودہ K-6 معاشرتی علوم کا نصاب
- اپنی رائے دیں

- طلباء کی تعلیم پر وزارتی حکم
- *کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 کے نصاب کے ڈیزائن اور ڈیویلپمینٹ کیلئے رہنمائی کا فریم ورک*
- اساتذہ کے وسائل اور پیشہ ورانہ سیکھنے کی معاونتیں

متعلقہ خبریں

- معاشرتی علوم کے نصاب کا مسّودہ: گفتگو میں شامل ہوں (14 مارچ، 2024ء)
- معاشرتی علوم کے نئے نصاب کیلئے البرٹنز کی ترجیحات (14 دسمبر، 2023ء)
- معاشرتی علوم کے نئے نصاب کے بارے میں البرٹنز سے گفتگو کرنا (18 ستمبر، 2024ء)

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

میڈیا انکوائریز

کیون لِی (Kevin Lee)

587-785-4366
پریس سیکریٹری، البرٹا ایجوکیشن